## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR ON THE PAKISTAN COAST GUARDS (AMENDMENT) BILL, 2022

I, Chairman of the Standing Committee on Interior have the honor to present this report on the Bill further to amend the Pakistan Coast Guards Act, 1973 (Act XVIII of 1973) [The Pakistan Coast Guards (Amendment) Bill, 2022] (Government Bill), referred to the Committee on 29th September, 2021.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| 2. | Mr. Sher Akbar Khan | Member |
| 3. | Mehar Ghulam Muhammad Lali | Member |
| 4. | Mr. Raza Nasrullah | Member |
| 5. | Khawaja Sheraz Mehmood | Member |
| 6. | Mr. Rahat Aman Ullah Bhatti | Member |
| 7. | Malik Karamat Ali Khokhar | Member |
| 8. | Sardar Talib Hassan Nakai | Member |
| 9. | Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak | Member |
| 10. | Mr. Muhammad Akhtar Mengal | Member |
| 11. | Nawabzada Shazain Bugti | Member |
| 12. | Malik Sohail Khan | Member |
| 13. | Rana Shamim Ahmed Khan | Member |
| 14. | Syeda Nosheen Iftikhar | Member |
| 15. | Mr. Nadeem Abbas | Member |
| 16. | Ms. Maryam Aurangzaib | Member |
| 17. | Syed Agha Rafiullah | Member |
| 18. | Nawab Muhammad Yousuf Talpur | Member |
| 19. | Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| 20. | Mr. Asmatullah | Member |
| 21. | Sheikh Rashid Ahmed<br>Minister for Interior | Ex-Officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **Annex-A,** in its meeting held on 01-12-2021. The Committee recommends that the Bill as introduced may be passed by the Assembly.

Sd/-
**(Raja Khurram Shahzad Nawaz)**
Chairman
Standing Committee on Interior

Sd/-
**(Tahir Hussain)**
Secretary
Islamabad 30th May 2022

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

**BILL**

*further to amend the Pakistan Coast Guards Act, 1973*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Pakistan Coast Guards Act, 1973 (XVIII of 1973), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called the Pakistan Coast Guards (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 18, Act XVIII of 1973.-** In the Pakistan Coast Guards Act, 1973 (XVIII of 1973), in section 18, in sub-section (1),-

(i) in clause (b), the word "and" at the end shall be omitted;

(ii) in clause (c), for full stop at the end, a semi-colon and the word "and" shall be substituted; and

(iii) after clause (c), amended as aforesaid, the following new clause shall be added, namely:-

"(d) to prescribe the manner to operate all kinds of fund to regulate the operational and welfare matters of the Force and any other aspect related to operations, administration and management of the Force with prior consultation with Finance Division subject to the provision of the Public Finance Management Act, 2019 and the rules made thereunder."

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Rules for Operating Regimental Fund for Welfare of Pakistan Coast Guards troops have been prepared in line with the directions of Public Accounts Committee, to evolve a standard and transparent system to incur expenditures under this Fund.

2. However, before making these rules operational, certain enabling clauses are required to be incorporated in the Pakistan Coast Guards Act, 1973 (XVIII of 1973) to confer the powers upon the Federal Government to make the rules to operate the Regimental Fund for welfare of Pakistan Coast Guards troops. Accordingly, the enabling amendments in the Pakistan Coast Guards Act, 1973 (XVIII of 1973) are being introduced to make the Rules for operating the Regimental Fund for welfare of the force and to comply with the Public Finance Management Act, 2019 (amended upto 30th June, 2020).

3. Therefore, the bill in consultation with Ministry of Law & Justice is hereby submitted to amend the Pakistan Coast Guards Act, 1973 (XVIII of 1973) [The Pakistan Coast Guards (Amendment) Bill, 2021] to regularize the maintenance and operation of Regimental Fund of the Force.

**(Sheikh Rashid Ahmed)**
**Minister for Interior**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**پاکستان کوسٹ گارڈز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۲ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی رپورٹ۔**

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ ۲۹ر ستمبر، ۲۰۲۱ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ پاکستان کوسٹ گارڈز ایکٹ، ۱۹۷۳ء (ایکٹ نمبر ۱۸ بابت ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان کوسٹ گارڈز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۲ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | راجہ خرم شہزاد نواز | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب شیر اکبر خان | رکن |
| ۳۔ | مہر غلام محمد لالی | رکن |
| ۴۔ | جناب رضا نصر اللہ | رکن |
| ۵۔ | خواجہ شیراز محمود | رکن |
| ۶۔ | جناب راحت امان اللہ بھٹی | رکن |
| ۷۔ | ملک کرامت علی کھوکھر | رکن |
| ۸۔ | سردار طالب حسن نکئی | رکن |
| ۹۔ | محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک | رکن |
| ۱۰۔ | جناب محمد اختر مینگل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ شاہ زین بگٹی | رکن |
| ۱۲۔ | ملک سہیل خان | رکن |
| ۱۳۔ | رانا شمیم احمد خان | رکن |
| ۱۴۔ | سیدہ نوشین افتخار | رکن |
| ۱۵۔ | جناب ندیم عباس | رکن |
| ۱۶۔ | محترمہ مریم اورنگزیب | رکن |
| ۱۷۔ | سید آغا رفیع اللہ | رکن |
| ۱۸۔ | نواب محمد یوسف تالپور | رکن |
| ۱۹۔ | جناب عبدالقادر پٹیل | رکن |
| ۲۰۔ | جناب عصمت اللہ | رکن |
| ۲۱۔ | شیخ رشید احمد<br>وزیر برائے داخلہ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے یکم دسمبر، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل کی منظوری دے۔

دستخط/-
**(راجہ خرم شہزاد نواز)**
**چیئرمین**
قائمہ کمیٹی برائے داخلہ

دستخط/-
**(طاہر حسین)**
**سیکرٹری**

اسلام آباد، ۳۰ر مئی، ۲۰۲۲ء

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

# پاکستان ساحلی محافظین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں

# مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پاکستان ساحلی محافظین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (۱۸ بابت ۱۹۷۳ء) میں بعدازیں رونما ہونے والی اغراض کے لئے، مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ پاکستان ساحلی محافظین (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۱۸ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۱۸ کی ترمیم:۔** پاکستان ساحلی محافظین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (۱۸ بابت ۱۹۷۳ء) میں، دفعہ ۱۸ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں،۔

(اول) شق (ب) میں آخر پر لفظ ''اور'' کو حذف کر دیا جائے گا؛

(دوم) شق (ج) میں، آخر پر ختمہ کو، وقفہ اور لفظ ''اور'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(سوم) مذکورہ بالا طور پر ترمیم کردہ، شق (ج) کے بعد، حسب ذیل نئی شق کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(د) فورس کی بہبود اور آپریشنل اُمور اور فورس کے آپریشنز، انتظام و انصرام سے متعلق دیگر کسی بھی پہلو کو منضبط کرنے کے لئے خزانہ ڈویژن کی پیشگی مشاورت سے پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے احکام اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کے تابع تمام اقسام کے فنڈ کو بروئے کار لانے کے لیے طریقہ کار مقرر کرنا۔''

## بیان اغراض و وجوہ

پاکستان ساحلی محافظین فوجیوں کی بہبود کے لئے رجمنٹل فنڈ کو چلانے کے لئے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی ہدایات کے مطابق اس فنڈ کے تحت آنے والے اخراجات کو ایک شفاف اور معیاری نظام کو فروغ دینے کے لئے قواعد تیار کئے گئے ہیں۔

۲۔ تاہم، ان قواعد کو قابل عمل بنانے سے قبل پاکستان ساحلی محافظین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (۱۸ بابت ۱۹۷۳ء) میں وفاقی حکومت کو پاکستان ساحلی محافظین فوجیوں کی بہبود کے لئے رجمنٹل فنڈ کو جاری کرنے کے لئے قواعد وضع کرنے کا اختیار عطا کرنے کے لئے چند عطائے اختیار کی شقات شامل کرنے کی ضرورت ہے چنانچہ پاکستان ساحلی محافظین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (۱۸ بابت ۱۹۷۳ء) میں فورس کی بہبود کے لئے رجمنٹل فنڈ کو جاری کرنے اور پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ ۲۰۱۹ء (۳۰ جون، ۲۰۲۰ء تک ترمیم شدہ) کی تعمیل کے لئے عطائے اختیار کی ترمیمات متعارف کرائی جا رہی ہیں۔

۳۔ لہٰذا، وزارت قانون و انصاف کی مشاورت سے یہ بل پاکستان ساحلی محافظین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (۱۸ بابت ۱۹۷۳ء) [پاکستان ساحلی محافظین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء] میں فورس کے رجمنٹل فنڈ کو جاری کرنے اور برقرار رکھنے کو منضبط کرنے کی بابت ترمیم کرنے کے لئے پیش کیا جا رہا ہے۔

(شیخ رشید احمد)

وزیر داخلہ